سوال

(515)قربانی کا جانور خریدنے کے بعد اگر نقص واقع ہو جائے؟

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

محترم حافظ صاحب! السلام علیکم ایک آدمی نے قربانی کے لیے بکرا خریدا ہوا تھا، اس بکرے کی ٹانگ ٹوٹ گئی۔ کیا اب اس کی قربانی کی جا سکتی ہے؟ (خالد محمود، ضلع قصور) (۲۶ جنوری ۲۰۰۱ء)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

قربانی کی نیت سے خریدے ہوئے بکرے کی اگر ٹانگ ٹوٹ جائے تو اس کا علاج کرائیں۔ اگر صحت مند ہو جائے یعنی لنگڑے پن کا اثر باقی نہ رہے، تو یہ قربان ہو سکتا ہے بصورتِ دیگر اس کو بدلنا ضروری ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

جلد: 3، کتاب الصوم: صفحہ: 407

محدث فتویٰ